No. of Printed Pages : 14 **BUDLA-135**

# B.A. (Urdu) CBCS

# (BAG)

## Term-End Examination

## June, 2023

## BUDLA-135 : Study of Modern Urdu Prose and Poetry

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔یہ سوال نامہ تین حصوں الف، ب اور ج میں منقسم ہے۔ ہر حصہ کے سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں۔ سوالوں کے نمبر ان کے سامنے نمبر درج ہیں۔

---

P.T.O.

## (حصہ الف)

ا۔ درج ذیل اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے۔ ۴۰=۵×۸

غم جہاں سے جسے ہو فراغ کی خواہش
وہ ان کے درد محبت سے ساز باز کرے

امیدوار میں ہر سمت عاشقوں کے گروہ
تری نگاہ کو اللہ دلنواز کرے

دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے

وحشت دل سے پھرنا ہے اپنے خدا سے پھر جانا ہے
دیوانے یہ تو ہوش نہیں یہ تو ہوش پرستی ہے

یا

دم طواف کرمک شمع نے یہ کہا کہ وہ اثر کہن

نہ تری حکایت سوز میں، نہ مری حدیث گداز میں

طرب آشنائے خروش ہو، تو نوائے محرم گوش ہو

وہ سرود کیا کہ چھپا ہوا ہو سکوت پردہ راز میں

خود اپنا فیصلہ بھی عشق میں کافی نہیں ہوتا

اسے بھی کیسے کرگزریں جو دل میں ٹھان لیتے ہیں

جسے صورت بتاتے ہیں پتہ دیتی ہے سیرت

عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں

۲۔ درج ذیل بندوں میں سے کسی دو(۲) کی تشریح ضروری حوالوں کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

لو ڈوب گیا پھر بادل میں، بادل میں وہ خط سے دوڑ گئے
لو پھر وہ گھٹائیں چاک ہوئیں ظلمت کا قدم تھرانے لگا
بادل میں چھپا تو کھول دیتے بادل میں دریچے ہیرے کے
گردری پہ جو آیا تو گردری، دریا کی طرح لہرانے لگا

(ب)

اجنبی خاک نے دھندلا دیتے قدموں کے سراغ
گل کرو شمعیں بڑھا دو قے مینا و ایاغ
اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کرلو
اب یہاں کوئی نہیں کوئی نہیں آئے گا

(ج)

اک محل کی آڑ سے نکلا وہ پیلا ماہتاب
جیسے ملّا کا عمامہ جیسے بنئے کی کتاب
جیسے مفلس کی جوانی جیسے بیوہ کا شباب
اے غمِ دل کیا کروں اے وحشتِ دل کیا کروں

(د)

جب فصل خزاں کو لائیں گی
رہرو کے جواں قدموں کے تلے
سوکھے ہوئے پتّوں سے مرے
ہنسنے کی صدائیں آئیں گی
دھرتی کی سنہری سب ندیاں

آکاش کی نیلی سب جھیلیں

ہستی سے مری بھر جائیں گی

۳۔ درج ذیل میں سے کسی دو کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجئے۔

(الف) جب کیانی تمام ایرانیوں و تورانیوں پر مسلط ہو گئے اور تورانیوں کا جاہ جلال دنیا سے رخصت ہوگیا تو ایک مدت دراز تک تور کی نسل ملک و دولت سے بے نصیب رہی۔ مگر تلوار کبھی ہاتھ سے نہ چھوٹی کیونکہ ترکوں میں قدیم سے قاعدہ چلا

آتا تھا کہ باپ کے ترکہ میں
سے بیٹے کو تلوار کے سوا اور
کچھ نہ ملتا تھا اور کلی مال و
اسباب اور گھر بار بیٹی کے
حصے میں آتا تھا۔ بارے ایک
مدت کے بعد اسلام کے عہد
میں اسی تلوار کی بدولت ترکوں
کے بخت خفتہ نے پھر کروٹ
بدلی۔

(ب) یہاں تک کہ باورچی مجبور ہوکر
کھانا کمرے میں ہی رکھ جاتا تھا۔
اور دونوں دوست دونوں کام

ساتھ ساتھ کرکے اپنی باریک
نظری کا ثبوت دیتے، کبھی کبھی
کھانا رکھا ہی رہ جاتا۔ اس کی
یاد ہی نہ آتی تھی۔ مرزا سجاد علی
کے مکان میں کوئی بڑا بوڑھا نہ
تھا اس لئے ان ہی کے دیوان
خانے میں معرکہ آرائیاں ہوتی
تھیں مگر اس کے یہ معنی نہیں
کہ مرزا کے گھر کے اور لوگ
اس مشغلہ سے خوش تھے، ہرگز
نہیں محلّہ کے گھر کے نوکروں

چاکروں، مہریوں ماماؤں میں
بڑی حاسدانہ حرف گیریاں ہوتی
رہتی تھیں۔ بڑا منحوس کھیل ہے
گھر کو تباہ کرکے چھوڑتا ہے۔
خدا نہ کرے کسی کو اس کی
چاٹ پڑے۔

(ج) اس ایک قدم کا اٹھانا تھا کہ
معلوم ہوا جیسے تمام رکے ہوئے
قدموں کے بندھن کھل پڑے
اب تو کسی قدم میں جھجھک
تھی نہ کسی نگاہ میں تذبذب،

مجمع کا مجمع بہ یک دفعہ دانوں
پر ٹوٹ پڑا اور انگریزی
محاورے کی تعبیر مستعار لی
جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ
حجاب و تامل کی ساری برف
اچانک ٹوٹ گئی، یا یوں کہیئے کہ
پگھل گئی۔ غور کیجئے تو اس کارگاہ
عمل کے ہر گوشے کی قدم
رانیاں ہمیشہ اسی ایک قدم کے
انتظار میں رہا کرتی ہیں۔ جب
تک یہ نہیں اٹھتا سارے قدم

زمین میں گڑے رہتے ہیں۔ یہ

اٹھا اور گویا ساری دنیا اٹھ گئی۔

۴۔ کسی ایک نثر نگار کے حالاتِ زندگی پر

مفصل روشنی ڈالئے۔

(الف) سرسید احمد خاں

(ب) الطاف حسین حالی

۵۔ کسی ایک شاعر کے حالات زندگی مدلل بیان

کیجئے۔

(الف) حسرت موہانی

(ب) فراق گورکھپوری

## (حصہ ب)

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے چھ(۶) کے جواب مطلوب ہیں۔ ۵×۶=۳۰

(الف) دکن کی پہلی باقاعدہ نثری تصنیف کون سی ہے؟ واضح کیجیے۔

(ب) شمالی ہند کی پہلی نثری تصنیف کون سی ہے اور اس کا موضوع کیا ہے صراحت سے لکھیے۔

(ج) فورٹ ولیم کا قیام کس سنہ میں ہوا اور کہاں ہوا مدلل لکھیے۔

(د) جدید اردو شاعری کی تین اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

(ہ) جدید اردو شاعری کے بانیوں میں سے دو کے نام لکھئے۔

(و) فانی کی شاعری کے موضوعات پر روشنی ڈالئے۔

(ز) علی سردار جعفری کے شعری امتیازات پر ایک پیراگراف لکھئے۔

(ح) علامہ اقبال کے دو شعری مجموعوں کے نام لکھئے۔

(حصہ ج) ۳۰=۱۰×۳

۷۔ جوش ملیح آبادی کی شاعری کی خوبیاں بیان کیجئے۔

۸۔ فراق گورکھپوری کی غزل گوئی پر ایک مدلل نوٹ لکھئے۔

۹۔ حالی کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔